ساتواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز منگل 16 اپریل 2024

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ سکولز ایجوکیشن

## رحیم یار خان: موضع چاچڑاں شریف میں پرائمری اور مڈل سکولز سے متعلقہ تفصیلات

*1: **محترمہ صائمہ کنول:** کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) موضع چاچڑاں ضلع رحیم یار خان میں کتنے پرائمری اور مڈل سکول ہیں۔

(ب) بچوں کو تعلیم کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ضلع رحیم یار خان میں کتنی این.جی اوز کام کر رہی ہیں ان کی تفصیلات فراہم فرمائیں۔

(ج) ضلع رحیم یار خان میں حکومت نے بچوں کی سکولوں تک رسائی کے لیے کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔

(تاریخ وصولی 04 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 30 مارچ 2024)

### جواب

### وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) موضع چاچڑاں، تحصیل خان پور، ضلع رحیم یار خان میں کل 22 پرائمری سکولز اور 2 مڈل سکولز ہیں۔

(ب) ضلع رحیم یار خان میں کل 06 این.جی اوز کام کر رہی ہیں۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| .1 | READ پاکستان |
| .2 | CARE فاؤنڈیشن |
| .3 | بنیاد فاؤنڈیشن |
| .4 | NRSP |
| .5 | HDF |
| .6 | NCHD |

(ج) حکومت ضلع رحیم یار خان میں بچوں کی سکولوں تک رسائی کے لیے کوشاں ہے اور اس ضمن میں گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائر سیکنڈری سکول خان پور میں ایک سکول بس فراہم کی گئی ہے۔ مزید براں سکولوں کے بچوں کو سفری رعائتی کارڈ فراہم کیے گئے ہیں تاکہ وہ لوکل سطح پر بغیر کرایہ کے سکول تک اپنی رسائی کو ممکن بنا سکیں۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اپریل 2024)

## ٹوبہ ٹیک سنگھ: انصاف آفٹر نون سکولز پر اخراجات اور ان کے آڈٹ سے متعلقہ تفصیلات

*28: **جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) انصاف آفٹر نون سکولز کے تحت ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کہاں کہاں کتنے سکول چل رہے ہیں تفصیلات فراہم کی جائیں؟

(ب)ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں انصاف آفٹر نون سکولز کے تحت چلنے والے سکولوں پر اب تک کتنے اخراجات کئے گئے ہیں اور کس فنڈز سے کئے گئے ہیں تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ج)مذکورہ بالا سکولز کے لیے جو ادائیگیاں کی گئیں وہ کس رولز کے تحت کی گئیں اور ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کون سا افسر یہ ادائیگیاں کرتا رہا ہے اور اس کے لیے طریقہ کار کیا تھا تفصیل فراہم فرمائیں۔

(د)کیا اس سکیم کے لیے فراہم کردہ فنڈز اور ادائیگیوں کا آڈٹ کیا گیا اگر نہیں تو اس کی وجہ بیان کریں۔ اگر آڈٹ ہوا ہے تو اس کی تفصیل دیں۔

(تاریخ وصولی 04مارچ 2024 تاریخ ترسیل 23مارچ 2024)

## جواب

### وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف)آفٹر نون سکولز پروگرام کے تحت ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں 223 سکولز چل رہے ہیں فہرست (Annex-A) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں انصاف آفٹر نون سکولز کے تحت چلنے والے سکولز پر اعزازیہ کی مد میں اب تک 260.357 ملین خرچ کیے جا چکے ہیں۔ یہ رقم حکومت پنجاب محکمہ تعلیم سکول ایجوکیشن اور PMIU-PESRP نے آفٹر نون سکول پروگرام کے لیے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ کو فراہم کیے۔

(ج)مذکورہ بالا سکولز میں بھرتی ہونے والے سٹاف کا ماہانہ اعزازیہ حکومت پنجاب سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے مراسلہ نمبر SO (SNE) UP-graduation/2021 (1ASP) مؤرخہ 12-11-2021 کے تحت چیف ایگزیکٹو آفیسر (DEA) ٹوبہ ٹیک سنگھ، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر ٹوبہ ٹیک سنگھ سے بل پاس کروانے کے بعد بینک ایڈوائس کے ذریعے متعلقہ سکول کونسل این ایس پی کے متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں منتقل کرتا ہے۔ جو بعد میں متعلقہ سکول کے سربراہان اپنے متعلقہ سٹاف کو بذریعہ کراس چیک ادائیگی کرتے ہیں۔

(د)ہر سال ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ کا آڈٹ ہوتا ہے اور سالانہ آڈٹ آڈیٹر جنرل پنجاب، ریجنل ڈائریکٹوریٹ آف آڈٹ (ڈسٹرکٹ گورنمنٹ) کا نامزد نمائندہ کرتا ہے۔ سالانہ آڈٹ کے دوران آفٹر نون سکولز کے فنڈز کا بھی آڈٹ ہو چکا ہے۔ اس کی ادائیگیوں کے متعلق کوئی بھی آڈٹ اعتراض نہیں ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 15اپریل 2024)

## یونین کونسل ونڈالہ سندھواں گوجرانوالہ میں گورنمنٹ ہائی سکول (بوائز اور گرلز) سے متعلقہ تفصیلات

*57: **جناب حسن علی:** کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گوجرانوالہ کی یونین کونسل نڈالہ سندھواں پی پی۔65 جس کی آبادی 18 دیہات اور 3 بشمولہ جات پر مشتمل ہے جس میں لڑکوں کے لئے ہائی سکول گورنمنٹ کی طرف سے نہ بنایا گیا ہے جس کی وجہ سے ہر سال سینکڑوں بچے تعلیم حاصل نہیں کرسکتے اس یونین کونسل سے 2024 میں بھی کوئی بچہ ڈاکٹر یا انجینئر کی تعلیم حاصل نہ کرسکا ہے؟

(ب) کیا حکومت اس یونین کونسل میں ہائی سکول (بوائز اور گرلز) بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 04 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 30 مارچ 2024)

## جواب

### وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) یونین کونسل ونڈالہ سندھواں حلقہ پی پی 65 میں ایک ایلیمنٹری سکول موضع دوبر جی بھاگا میں موجود ہے۔ اپ گریڈیشن پالیسی کے مطابق سکول مڈل سے ہائی نہیں ہو سکتا کیونکہ اس میں طلباء کی موجودہ تعداد مطلوبہ تعداد سے کم ہے۔ پالیسی کے مطابق ساتویں کلاس اور آٹھویں کے طلباء کی تعداد کم از کم 40 ہونا ضروری ہے۔ جبکہ موجودہ تعداد سال وائز حسب ذیل ہے:-

| سال | ساتویں کلاس | آٹھویں کلاس |
|---|---|---|
| 2021 | 09 | 12 |
| 2022 | 12 | 16 |
| 2023 | 19 | 20 |

(ب) یونین کونسل ونڈالہ سندھواں میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول موجود ہے۔ جبکہ لڑکوں کے ہائی سکول کے لیے موجودہ ایلیمنٹری سکول مطلوبہ شرائط پر پورا نہ اترتا ہے۔ لہٰذا مذکورہ سکول کو ہائی سکول کا درجہ نہیں دیا جاسکتا۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اپریل 2024)

## لیہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول اور بوائز ہائر سیکنڈری سکول فنکشنل کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*106: **جناب محمد اطہر مقبول:** کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول دین پور اور گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول بوائز بجی والا پی پی 279 ضلع لیہ میں کلاسز نہیں چل رہی ہیں جبکہ بلڈنگ موجود ہے سٹاف نہ ہونے کی وجہ سے سکول بند پڑے ہیں اور بلڈنگ بھی ٹوٹ پھوٹ رہی ہے؟

(ب) ان دونوں سکولز کو فنکشنل کرنے میں کیا رکاوٹیں حائل ہیں۔

(ج) کیا حکومت ان سکولوں کو فنکشنل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے کیونکہ یہ دونوں علاقے یہاں پر سکولز واقع ہیں وہ شہروں سے 25/30 کلومیٹر دور ہیں اور ذرائع آمدورفت بھی محدود ہیں جس کی وجہ سے ہر سال سیکنڑوں بچے اور بچیاں تعلیم سے محروم رہ جاتے ہیں اس بابت کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(تاریخ وصولی 12 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 08 اپریل 2024)

## جواب

### وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) مذکورہ سکولوں کی 22-2021 ADP سکیم میں اپ گریڈیشن کی منظوری کے بعد نئی عمارات تعمیر ہوئیں تھیں۔ دونوں سکولوں کی عمارات تسلی بخش حالت میں ہیں اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار نہ ہیں۔ نئی تعمیر شدہ عمارات میں مختلف کلاسز لگائی جارہی ہیں۔ سی۔ای۔او (ایجوکیشن) لیّہ کی جانب سے مذکورہ سکولوں میں SNE کے حوالے سے مراسلہ وصول ہونے پر محکمہ سکول ایجوکیشن نے سال 2022 اور 2023 میں محکمہ خزانہ کو خطوط ارسال کیے ہیں جن میں استدعا کی گئی ہے کہ مذکورہ سکولوں کو اپ گریڈ کر دیا جائے۔ کاپی (Annex-A) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان دونوں سکولوں کے فنکشنل نہ ہونے کی وجہ محکمہ خزانہ کی جانب سے SNE کا منظور نہ ہونا ہے۔ جونہی محکمہ خزانہ کی طرف سے SNE کی منظوری ہوتی ہے تو مذکورہ سکولوں کو فنکشنل کر دیا جائے گا۔

(ج) حکومت ان سکولوں کو فنکشنل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے SNE کی منظوری ہونے پر ان سکولوں کو فنکشنل کر دیا جائے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اپریل 2024)

لاہور　　　　　　　　　　　　　　　　　چودھری عامر حبیب

مورخہ 15 اپریل 2024　　　　　　　　　　سیکرٹری جنرل